ACCOUNTING AND AUDITING ORGANIZATION FOR ISLAMIC FINANCIAL INSTITUTIONS

SECP

Joint AAOIFI-SECP Press Release

PRESS RELEASE

ایس ای سی پی پہلی بین الاقوامی اسلامی کیپٹل مارکیٹس کانفرنس کی میزبانی کرے گا

اسلام آباد، 20 اپریل: سکیورٹیز اینڈ ایکسچینج کمیشن آف پاکستان اور اکاؤنٹنگ اینڈ آڈیٹنگ آرگنائزیشن فار اسلامک فنانشل انسٹی ٹیوشنز پہلی ایک روزہ بین الاقوامی اسلامی کیپٹل مارکیٹس کانفرنس کی میزبانی کریں گے۔

کانفرنس 29 مئی 2023 کو سرینا ہوٹل اسلام آباد میں، نان بینکنگ مالیاتی شعبے اور کیپٹل مارکیٹ سے تعلق رکھنے والے اہم اداروں اور صنعت کاروں کے تعاون سے منعقد کی جائے گی۔

اکاؤنٹنگ اینڈ آڈیٹنگ آرگنائزیشن فار اسلامک فنانشل انسٹی ٹیوشنز بحرین میں قائم ایک معروف ادارہ ہے، جو اسلامی مالیاتی خدمات کی صنعت، بشمول بینکنگ، کیپٹل مارکیٹ، اور انشورنس اور تکافل جیسے شعبوں کی شریعت کے مطابق رہنمائی کرنے اور ان کی درستگی اور استحکام کو یقینی بنانے کا ذمہ دار ہے۔ یہ ادارہ ریگولیٹری اداروں، بشمول ایس ای سی پی، کے لیے بھی رہنمائی فراہم کرتا ہے۔ اب تک اس آرگنائزیشن نے شریعت، اکاؤنٹنگ، آڈیٹنگ، اخلاقیات، اور گورننس کے شعبوں میں 115 سے زیادہ معیارات جاری کیے ہیں، جنہیں عالمی سطح پر کم از کم 47 دائرہ اختیار اور 41 ممالک میں مختلف شکل وصورت میں اپنایا گیا ہے۔ ایس ای سی پی اور اسٹیٹ بینک آف پاکستان اکاؤنٹنگ اینڈ آڈیٹنگ آرگنائزیشن فار اسلامک فنانشل انسٹی ٹیوشنز کے ادارہ جاتی اراکین ہیں۔

اس منعقد کی جانے والی موضوعی کانفرنس کا مقصد مارکیٹ کی تیزی سے بدلتی ہوئی جدت اور تکنیکی ترقیوں اور اختراعات کی بڑھتی ہوئی مانگ کو مدنظر رکھتے ہوئے، وفاقی شرعی عدالت کے حالیہ فیصلے کی روشنی میں اسلامی کیپٹل مارکیٹوں کے لیے مستقبل کی سمت کا تعین کرنا ہے۔ اس پس منظر میں اور عالمی سطح پر اسلامی کیپٹل مارکیٹوں کی توسیع کی بڑھتی ہوئی ضرورت کے پیش نظر، کانفرنس کا موضوع "ایکو سسٹم کی تکمیل کے ساتھ آئی سی ایم کی پیشرفت: جدت، ترقی، اور تبدیلی" رکھا گیا ہے۔

کانفرنس میں بحرین، ملائیشیا، سعودی عرب، ترکی، متحدہ عرب امارات اور برطانیہ سے نامور مقررین، پالیسی ساز اور عالمی اسلامی مالیاتی خدمات کی صنعت کے ماہرین کی شرکت متوقع ہے۔ کانفرنس میں مقامی سٹاک مارکیٹ، میوچل فنڈ انڈسٹری، نان بینکنگ مالیاتی اداروں اور پاکستان سے تکافل انڈسٹری کے نمائندے شرکت کریں گے۔

کانفرنس میں شرکت مفت ہے اور رجسٹریشن کھول دی گئی ہے۔